تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May,16 2024

پریس ریلیز

سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ یوٹیوب پر ویڈیو اور مواد اپلوڈ کرے گا: شیخ الجامعہ کا سی ڈی او ای کا دورہ

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن ایجوکیشن (سی ڈی او ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ اپنے فیکلٹی اراکین کے ویڈیو اور تدریسی و آموزشی مواد کو یوٹیوب پر اپلوڈ کرنا کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ پروفیسر اقبال حسین قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور قائم مقام مسجل جناب محمد حدیث لاری نے مورخہ پندرہ مئی دو ہزار چوبیس کو سینٹر کا دورہ کیا اور سینٹر کے کانفرنس روم میں تدریسی عملہ کے ساتھ بات چیت کی۔

شیخ الجامعہ نے بشمول سی ڈی او ای جامعہ ملیہ اسلامیہ کے باضابطہ یوٹیوب چینل لانچ کرنے سمیت متعدد امور پر سینٹر کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر جسیم احمد اور سینٹر کے اسٹاف اراکین سے بات چیت کی۔

اس سے قبل سینٹر کے اعزازی ڈائریکٹر اور اسٹاف اراکین نے شیخ الجامعہ کا پرتپاک استقبال کیا۔ پروفیسر جسیم احمد نے سال دو ہزار دو میں سینٹر کے قیام کے بعد سے اب تک کی تفصیلات بہم پہنچائیں۔ سی ڈی او ای کی جانب کے جاری پروگراموں کی تفصیل کے ساتھ میٹنگ ،نصاب ،کاروائی ،کونسلنگ سیشن ،طلبا کی شکایات، ورکشاپ ،امتحانات وغیرہ سے متعلق بھی معلومات فراہم کیں۔ انھوں نے سینٹر کو درپیش مسائل اور ان سے نمٹنے کے میکانزم کو بھی اجاگر کیا۔ پرزینٹیشن میں سینٹر میں موجودہ اندراج جو کہ سترہ ہزار ایک سو ستاون ہے جس میں سبھی پی جی ،یو جی ،ڈپلوما اور سرٹیفکٹ پروگرام شامل ہیں ان سب کی تفصیل موجود تھی۔ انھوں نے معیاری آن لائن سیشن کے لیے گوگل سے مزید اسپیس خریدنے کا اہم نکتہ بھی پیش کیا۔ انھوں نے طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے جن سے وہ قابل ملازمت ہوسکیں گے اس کے متعلق بتایا اور سینٹر میں کام کو بلا روک ٹوک اور معیار کو یقینی بنانے کے ساتھ انجام دہی کے لیے مختلف نوتشکیل شدہ کمیٹیوں کے متعلق بھی شیخ الجامعہ کو رپورٹ دی۔

شیخ الجامعہ نے نئی قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کے تناظر میں فاصلاتی تعلیم اور آن لائن تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انھوں نے اپنی گفتگو میں بنیادی طور پر این ای پی دو ہزار بیس کے دو اہم نکات کو پیش کیا۔ پہلا یہ کہ طلبہ کی صلاحیتوں کی صیقل کرنے کے لیے یونیورسٹی اور صنعت کے درمیان اشتراک اور دوسرے انھوں نے تعلیم کی رسائی کو اجاگر کیا اور کہا کہ ''تعلیم سب

کے لیے قابل رسائی ہونی چاہیے‘‘۔اسی ضمن میں فاصلاتی اورآن لائن وضع تعلیم کی اہمیت ہے جوکسی بھی دوسری وضع کے لیے بے نظیر ہے کیوں کہ اس کی کوشش ہوتی ہے کہ ٹکنالوجی کی مدد سے ان لوگوں تک پہنچا جائے جن تک نہیں پہنچا جاسکا ہے۔ نیز انھوں نے این ای پی دو ہزار بیس کے حوالے سے کہا کہ کورس کا چالیس فی صد حصے کو آن لائن وضع میں فراہم کرانے کی ضرورت ہے۔درج بالا امور کے تناظر میں شیخ الجامعہ نے سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اہمیت کو اجاگر کیا۔سینٹر کے ڈاکٹر دانیال سندھو کے اظہار تشکر کے ساتھ اس میٹنگ کا اختتام ہوا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی